AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS IX

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2024

Islamiyat Paper II

Time: 1 hour 5 minutes   Marks: 20

AKU-EB Examinations 2024 for Teaching & Learning only

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

خصوصی ہدایت

2۔ اس پرچے میں کُل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 4 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوَکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 5 نمبر)

(الف) قرآن و حدیث ہر شعبۂ زندگی کے لیے ہدایت ہے۔ **تین** نِکات میں دلائل دیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) وَإِذَا حَضَرَ ٱلْقِسْمَةَ أُو۟لُوا۟ ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينُ فَٱرْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا۟ لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا۔ (النساء: 08)

دی گئی آیت میں کون سی دو ہدایات مذکور ہیں ؟ (2 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

سوال۔2 (کل 4 نمبر)

"جس شخص نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ ہی کے لیے بغض رکھا، اللہ ہی کے لیے دیا اور اللہ ہی کے لیے روکا، بے شک اس کا ایمان مکمل ہو گیا۔" (حدیث: 03)

(الف) دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟ نیز حدیث کا عملی زندگی میں کس طرح اطلاق ہو سکتا ہے؟ (2 نمبر)

(ب) ایک حدیث میں قرآن سیکھنے والے شخص کو بہترین کہا گیا ہے۔ قرآن سیکھنے کے لیے کوئی دو تجاویز دیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

سوال۔3 (کل 5 نمبر)

(الف) حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے اہم واقعات میں سے 'حلف الفضول' کی کوئی **تین** دفعات بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) ہجرت کرنے کے کوئی **دو** اسباب بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

سوال۔4 (کل 6 نمبر)

(الف) پاکستان میں تعلیم کی شرح بہت کم ہے۔ تعلیم کی شرح میں اضافے کے لیے حکومت کیا کردار ادا کر سکتی ہے؟ کوئی **چھ** تجاویز دیجیے۔

یا

(ب) حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی 'عبادت' ہے۔ اسی تناظر میں بندۂ مومن پر عبادات کے نتیجے میں پڑنے والے اثرات کا جائزہ **چھ** نِکات میں لیجیے۔

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only